حیسکو پریس ریلیز مورخہ 01.10.2026

گھریلو، کمرشل، صنعتی اور اب ذرعی صارفین کو بھی زیرلوڈشیڈنگ فیڈر NG-3، سے 24 گھنٹے بجلی ملے گی، روشنیوں کے سفر کی کامیابی عوام کے بھرپور تعاون اور حیسکو کے افسران، محنت کش تکنیکی ملازمین کی دن رات محنت سے جاری رہے گی، حیسکو انتظامیہ کی ہر ممکن کوشش ہے کہ 29-2028 میں 100 فیصد فیڈروں کو زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، حیسکو کے تمام افسران اور محنت کش ورکرز کی دن رات محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے نتیجے میں روشنیوں کے سفر کی 74 ویں کڑی کے طور پر کوٹری سب ڈویژن کے 11 کے وی NG-3 فیڈر کو زیرلوڈشیڈنگ فیڈر قرار دیا جارہا ہے۔ اس اقدام کے تحت مذکورہ فیڈر کے ذرعی صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اس کامیابی کا سہرا حیسکو کے تمام افسران، تکنیکی عملے اور محنت کش ورکرز کو جاتا ہے، جو حیسکو کے حقیقی ہیروز ہیں۔ زیرلوڈشیڈنگ فیڈرز پر کام کرنے والے آپریشن اور کنسٹرکشن سائیڈ کے متعلقہ افسران اور ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لیے ماہانہ لوڈشیڈنگ فری فیڈر الاؤنس اور اعزازی انکریمنٹ کی فراہمی بھی پیش نظر ہے۔ حیسکو کا بنیادی مشن صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا ہے۔ عوام، صنعتکاروں اور ذرعی صارفین کے بھرپور تعاون سے اب تک 42 فیصد فیڈرز کو زیرلوڈشیڈنگ کیا جاچکا ہے، جبکہ مالی سال 27-2026 میں 50 فیصد فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ تمام حاضرین، بالخصوص صنعتکاروں اور عوام کا شکریہ آپ کے تعاون کے بغیر یہ کامیابیاں ممکن نہیں تھیں۔ میری خواہش ہے کہ حیسکو کے تمام ملازمین کی محنت اور خدمات کے اعتراف میں انہیں دو دو بونس دیے جائیں۔ حیسکو ریجن میں بجلی کے ترسیلی نظام کو بہتر بنانے اور صارفین کو معیاری سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ کلوکہار، گھارو، نوری آباد فیز تھری، مٹھی، نوکوٹ اور اسلام کوٹ کے علاقوں میں 132 کے وی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے، جبکہ تھرکول بلاک 2 اور 3 کو بھی 80 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ مالی سال 26-2025 کے دوران گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ بجلی فراہم کی گئی، جبکہ حیسکو کی ریکوری اور نقصانات میں بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں، حال ہی میں ملک اسد سکندر نے سندھ اسمبلی میں ذرعی صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا تھا، جس کے تناظر میں کوٹری کے 11 کے وی NG-3 فیڈر کے ذرعی صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی ایک اہم پیش رفت ہے۔ حیسکو انتظامیہ صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی اور خطے کی ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کا تقریب سے خطاب

حیسکو کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے جب سے اپنے منصب کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں، ادارے میں تاریخی اقدامات کیے گئے ہیں، جو اس سے قبل دیکھنے میں نہیں آئے۔ میں ان کی شاندار کارکردگی پر انہیں خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور ان کی پوری ٹیم، بالخصوص محنت کش ورکرز کو سلام پیش کرتا ہوں، جن کی انتھک محنت اور لگن سے بجلی کی فراہمی کے نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ دورانِ ڈیوٹی شہید ہونے والے حیسکو ملازمین کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا کرے۔ ان محنت کش ملازمین کی خدمات اور قربانیوں کے نتیجے میں صنعتی علاقوں کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں صنعتی صارفین کے ساتھ ساتھ ذرعی، کمرشل اور گھریلو صارفین کو بھی 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے منصوبے پر پیش رفت جاری ہے۔ اسی سلسلے میں آج حیسکو کے 74 ویں فیڈر کو زیرلوڈشیڈنگ کردیا گیا ہے، جو ادارے کی مسلسل کوششوں اور افسران و محنت کش عملے کی مشترکہ محنت کا مظہر ہے۔ کنور ضیاء الرحمٰن چیئرمین (NATI) کا تقریب سے خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 74 ویں 11 کے وی NG-3 فیڈر کو لوڈشیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گھریلو، کمرشل، صنعتی اور اب ذرعی صارفین کو بھی زیرلوڈشیڈنگ فیڈر NG-3، سے 24 گھنٹے بجلی ملے گی، روشنیوں کے سفر کی کامیابی عوام کے بھرپور تعاون اور حیسکو کے افسران، محنت کش تکنیکی ملازمین کی دن رات محنت سے جاری رہے گی، حیسکو انتظامیہ کی ہر ممکن کوشش ہے کہ 29-2028 میں 100 فیصد فیڈروں کو زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، حیسکو کے تمام افسران اور محنت کش ورکرز کی دن رات محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے نتیجے میں روشنیوں کے سفر کی 74 ویں کڑی کے طور پر کوٹری سب ڈویژن کے 11 کے وی NG-3 فیڈر کو زیرلوڈشیڈنگ فیڈر قرار دیا جارہا ہے۔ اس اقدام کے تحت مذکورہ فیڈر کے زرعی صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اس کامیابی کا سہرا حیسکو کے تمام افسران، تکنیکی عملے اور محنت کش ورکرز کو جاتا ہے، جو حیسکو کے حقیقی ہیروز ہیں۔ زیرلوڈشیڈنگ فیڈرز پر کام کرنے والے آپریشن اور کنسٹرکشن سائیڈ کے متعلقہ افسران اور ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لیے ماہانہ لوڈشیڈنگ فری فیڈر الاؤنس اور اعزازی انکریمنٹ کی فراہمی بھی پیش نظر ہے۔ حیسکو کا بنیادی مشن صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا ہے۔ عوام، صنعتکاروں اور ذرعی صارفین کے بھرپور تعاون سے اب تک 42 فیصد فیڈرز کو زیرلوڈشیڈنگ کیا جاچکا ہے، جبکہ مالی سال 27-2026 میں 50 فیصد فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ تمام حاضرین، بالخصوص صنعتکاروں اور عوام کا شکریہ آپ کے تعاون کے بغیر یہ کامیابیاں ممکن نہیں تھیں۔ میری خواہش ہے کہ حیسکو کے تمام ملازمین کی محنت اور خدمات کے اعتراف میں انہیں دو دو بونس دیے جائیں۔ حیسکو ریجن میں بجلی کے ترسیلی نظام کو بہتر بنانے اور صارفین کو معیاری سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ کلوکہار، گھارو، نوری آباد فیز تھری، مٹھی، نوکوٹ اور اسلام کوٹ کے علاقوں میں 132 کے وی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے، جبکہ تھرکول بلاک 2 اور 3 کو بھی 80 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ مالی سال 26-2025 کے دوران گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ بجلی فراہم کی گئی، جبکہ حیسکو کی ریکوری اور نقصانات میں بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں، حال ہی میں ملک اسد سکندر نے سندھ اسمبلی میں ذرعی صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا تھا، جس کے تناظر میں کوٹری کے 11 کے وی NG-3 فیڈر کے ذرعی صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی ایک اہم پیش رفت ہے۔ حیسکو انتظامیہ صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی اور خطے کی ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، اگر ان باتوں پر عمل نہیں ہوا تو لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوجائے گی، تاکہ حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، بصورت دیگر لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوگی، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاؤن سے یہ ممکن ہورہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن کوٹری اختیار احمد میمن، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن کوٹری عبدالرب میمن کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر کنور ضیاء الرحمٰن چیئرمین (NATI) نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے جب سے اپنے منصب کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں، ادارے میں تاریخی اقدامات کیے گئے ہیں، جو اس سے قبل دیکھنے میں نہیں آئے۔ میں ان کی شاندار کارکردگی پر انہیں خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور ان کی پوری ٹیم، بالخصوص محنت کش ورکرز کو سلام پیش کرتا ہوں، جن کی انتھک محنت اور لگن سے بجلی کی فراہمی کے نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ دورانِ ڈیوٹی شہید ہونے والے حیسکو ملازمین کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا کرے۔ ان محنت کش ملازمین کی خدمات اور قربانیوں کے نتیجے میں صنعتی علاقوں کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں صنعتی صارفین کے ساتھ ساتھ زرعی، کمرشل اور گھریلو صارفین کو بھی 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے منصوبے پر پیش رفت جاری ہے۔ اسی سلسلے میں آج حیسکو کے 74 ویں فیڈر کو زیرلوڈشیڈنگ کردیا گیا ہے، جو ادارے کی مسلسل کوششوں اور افسران و محنت کش عملے کی مشترکہ محنت کا مظہر ہے، اس موقع پر خلیل احمد بلوچ چیئرمین (KATI) نے کہا کہ حیسکو کی جانب سے بجلی کی بہتر ترسیل پر ایس ای او حیسکو فیض اللہ ڈاہری اور اس کی پوری ٹیم کو مبارک باد دیتا ہوں کہ ان کی سربراہی میں تمام افسران اور تکنیکی عملہ دن رات کام کررہے ہیں اس کی پورے پاکستان میں کہیں مثال نہیں ملتی کہ آپ کی پوری ٹیم نے کام کو اولیت دی ہے اس کے بعد کھانا کھاتے ہیں یہ میرا ذاتی تجربہ ہے جو طوفان میں ایمرجنسی میں آپ کی ٹیم نے دن رات کام کرکے بجلی بحال کی اور کام مکمل کرکے کھانا پسند کیا یہ ہوتا ہے کام سے سچائی اور کام سے لگن شاباش حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری اور آپ کی پوری ٹیم زندہ آباد، اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ نے کہا کہ میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ایکسین کوٹری اختیار میمن اور اس کے تمام ٹیم ورکرز افسران اور محنت کش ہیروز کو 11 کے وی NG3 فیڈر حیسکو کا مثالی فیڈر ہے جس میں تجارتی، زرعی اور صنعتی صارفین شامل ہیں HT255km ہے ایس ای لاڑ سہیل احمد شیخ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں معزز صارفین کو زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت دی جارہی ہے انسانی ذات کی خدمت کے جذبے کے تحت بجلی کی فراہمی اپنے معزز صارفین کو دے رہے ہیں، اپنے صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور تقریب میں آنے والے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا، ایکسین آپریشن ڈویژن کوٹری اختیار احمد میمن نے این جی-3 فیڈر کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ NG-3 فیڈر پر مجموعی طور پر 211 عدد ٹرانسفارمرز ہیں، 1073 گھریلو، 103 کمرشل، 35 صنعتی اور 144 ذرعی کنیکشنز ہیں، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہورہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں NG-3 فیڈر کی جانب سے مہمانانِ خصوصی نوری آباد ایسوسی ایشن ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کی جانب سے کنور ضیاء الرحمٰن چیئرمین، محمد اشرف، کوٹری انڈسٹریز ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کی جانب سے خلیل احمد بلوچ چیئرمین اور جعفر علی، شورو برادری، سماجی رہنما جنید ڈاہری، شفیق ڈاہری، جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ڈی جی (میراڈ) عبدالماجد جتوئی، ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل لاڑ نزاکت علی میمن، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل لاڑ افتخار احمد سومرو، ایکسین آپریشن ڈویژن کوٹری اختیار احمد میمن، ایس ڈی او کوٹری/ جام شورو رانجہ عبدالرب میمن، ایس ڈی او شہباز گل بہار، ایس ڈی او نوری آباد الطاف احمد سہاگ، ایس ڈی او ایاسر میمن، ڈپٹی منیجر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبرو دیگر افسران اور تکنیکی عملہ موجود تھے۔

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، چیئرمین (NATI) کنور ضیاء الرحمٰن، چیئرمین (KATI) خلیل بلوچ، چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ و دیگر NG-3 فیڈر زیرلوڈشیڈنگ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے